www.educatepk.com

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: بی اے | سمسٹر: بہار 2019 |
| پرچہ: اُردو (404) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

**نوٹ:** پانچ سوالوں کے جواب دیں۔

| سوال نمبر | سوالات | نمبر |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1 | **سیاق وسباق کے حوالے سے ایک اقتباس کی تشریح کریں۔**<br>الف: ''اس روز کچھ اور ہی نقشہ تھا۔ صبح آئی مگر خالی ہاتھ اور بہت دیر سے آنکھ کھلی تو رکشا زنجیروں سے بندھے ہوئے تھے۔ دودھ، ڈبل روٹی والا اور صبح کے دوسرے پھیری والے غیر حاضر تھے۔ سڑک سنسان تھی۔ علی الصباح کی آوازیں خاموش تھیں۔ زندگی اور معمول کے آثار صرف اتنے تھے کہ کھڑکی میں ڈان اخبار رکھا ہوا تھا اور اس میں سیاہ حاشیے کے ساتھ قائداعظم کے انتقال کی خبر درج تھی۔ اب سمجھ میں آیا کہ سناٹا کیوں طاری ہے''۔<br>ب۔ ''انڈین ملٹری کا یہ کپتان، بندوق کو ہاتھ میں پکڑنا خوب جانتا ہوگا۔ لیکن بیلچہ پکڑنا اسے نہیں آتا۔ یہی وجہ ہے کہ اوڑی کے محاذ پر پہنچنے سے قبل ہی اس کے ہاتھ پر پٹی بندھ چکی ہے۔ ٹنل سے واپسی پر ایک مزدور کے بیلچے کا سہارا لینے کی کوشش میں، اس نے اپنا ہاتھ زخمی کر لیا ہے اور اس لئے اب کہہ رہا ہے، ہم مزدور نہیں، کپتان ہے'' ہمارا ہتھیار بندوق ہے بیلچہ نہیں۔'' | 20 |
| سوال نمبر 2 | **کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔**<br>ا۔ مرید پور کا پیر ۲۔ کایا کلپ | 20 |
| سوال نمبر 3 | ڈراما ''انارکلی'' کے اہم کرداروں پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر 4 | ناصر کاظمی کی غزل کی نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 5 | **کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔**<br>ا۔ خضرِ راہ ۲۔ آج بازار میں پابجولاں چلو | 20 |
| سوال نمبر 6 | مختار مسعود کے اسلوب نگارش پر مفصل مضمون قلم بند کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 7 | غالب کے خط اُردو نثر کا بے مثال نمونہ ہیں۔'' بحث کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 8 | **درج ذیل اشعار کی تشریح اس طرح کریں کہ ان کے محاسن واضح ہو جائیں نیز شاعر کا نام بھی لکھیں۔**<br>ا۔ جو مدعی بنے، اس کے نہ مدعی بنیے<br>جو ناسزا کہے اُس کو نہ ناسزا کہیے<br>۲۔ نہیں بہار کو فرصت نہ ہو، بہار تو ہے<br>طراوتِ چمن و خوبیِ ہوا کہیے<br>۳۔ کر دیا چپ واقعاتِ دہر نے<br>تھی کبھی ہم میں بھی گویائی بہت<br>۴۔ گھٹ گئیں خود تلخیاں ایام کی<br>یا گئی کچھ بڑھ شکیبائی بہت | 4x5 |

******